# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: | یونٹ:2 جماعت: دوم | مضمون: اردو |
| ہفتہ:5 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:1 | سبق کا نام: "امّی ابّو کو بتانا ہے" | |

**مقاصد:** جمع الفاظ کے واحد لکھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اردو جماعت دوم کی کتاب۔ صفحہ نمبر 33 مختلف واحد اور جمع الفاظ کے لیے تصویری کارڈ، فلیش کارڈز، ٹوکریاں، پرچیاں

## تحریکی سرگرمی: (5منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- بچوں کو کچھ چیزوں کے تصویری کارڈ دکھائیں جیسے: ایک مسجد۔ دو مسجدیں، ایک پنسل۔ تین پنسلیں، ایک بھیڑ۔ چار تاریں، ایک بھیڑ۔ چھے بھیڑیں، ایک تار۔ دو تاریں وغیرہ۔ سب کو اپنی مرضی کا ایک ایک کارڈ اُٹھانے کا موقع دیں۔
- بچوں نے جو جو کارڈ اُٹھایا ہو ان پر بنی تصویروں کی تعداد گننے کو کہیں۔
- جن بچوں کے پاس ایک ایک چیز کی تصویر والا کارڈ ہو، انھیں ایک قطار میں کھڑا کر دیں۔
- باقی جن بچوں کے پاس ایک سے زیادہ تصویروں والے کارڈ ہوں انھیں دوسری قطار میں کھڑے ہونے کے لیے کہیں۔
- اب بچوں سے اُن کے کارڈوں پر بنی تصویروں کے نام پوچھیں۔
- بچوں کو بتائیں کہ وہ اسم جو صرف ایک چیز، جگہ یا شخص کے لیے استعمال کیا جائے، "واحد" کہلاتا ہے۔ مثلاً: پنسل، مسجد، بھیڑ وغیرہ
- وہ اسم جو ایک سے زیادہ چیزوں، جگہوں یا اشخاص کے لیے استعمال کیا جائے، "جمع" کہلاتا ہے۔ مثلاً: پنسلیں، مسجدیں، بھیڑیں وغیرہ
- بچوں کو بتائیں کہ کچھ واحد الفاظ کے آخر میں "یں" لگانے سے اس لفظ کی جمع بن جاتی ہے۔ مثلاً: پنسل سے پنسلیں وغیرہ۔
- بورڈ پر مختلف واحد الفاظ لکھیں اور ان سے لفظوں کی جمع لکھوائیں۔

## تدریسی طریقہ کار: (25منٹ)

- کتاب کے صفحہ نمبر 33 پر موجود جمع الفاظ کے واحد لکھنے کی سرگرمی مکمل کروانے سے پہلے ہم واحد الفاظ کی جمع بنانا سیکھیں گے۔
- تاکہ واحد جمع کا تصور اذہان میں پختہ ہو سکے۔
- واحد الفاظ کی جمع بنانے کے طریقے کا اعادہ کروانے کے لیے بورڈ پر کچھ الفاظ لکھیں۔ مثلاً: کتاب، جراب، نماز، وغیرہ کے الفاظ لکھیں۔
- حرف "یں" کا فلیش کارڈ بچوں کو دکھاتے ہوئے سوال کریں کہ اگر بورڈ پر لکھے الفاظ کے آخر میں "یں" لگا دیں تو الفاظ میں کیا تبدیلی آئے گی؟
- بچوں سے ہاتھ بلند کروا کے اس سوال کا جواب لیں۔
- اسی طرح سے یہ سرگرمی چند اور الفاظ پر مختلف بچوں سے کروائیں۔
- اس سرگرمی کے لیے ان بچوں کا انتخاب کریں، جو کمرا جماعت میں ہونے والی سرگرمیوں میں حصہ لینے سے کتراتے ہوں۔
- اس کے بعد کتاب کے صفحہ نمبر 33 پر موجود سوال نمبر 8 کی سرگرمی کو مکمل کروانے کے لیے بورڈ پر جمع الفاظ لکھیں۔

- بچوں کو پھر سے "یں" کا فلیش کارڈ دکھائیں۔
- بچوں سے کہیں کہ ہم نے پہلے واحد الفاظ کے آخر میں "یں" لفظ لگا کر ان الفاظ کی جمع بنائی تھی۔
- اب ہم بورڈ پر لکھے ان الفاظ کے آخر سے "یں" ہٹا کر ان الفاظ کے واحد بنا کر لکھیں گے۔
- بورڈ پر کتاب میں لکھے جمع الفاظ لکھیں اور ان کے آخر سے "یں" ہٹا کر مکمل واحد الفاظ لکھیں۔
- بچوں سے ان واحد الفاظ کی پڑھائی کروائیں۔
- تصور کی مزید پختگی کے لیے بعد بچوں کو دو گروہوں میں تقسیم کریں۔
- جماعت میں آنے سے پہلے واحد الفاظ پرچیوں پر لکھ کر ٹوکری میں ڈال لیں پرچیاں بناتے ہوئے اس بات کا دھیان رکھیں کہ پرچیاں جماعت کے بچوں کی تعداد سے تین گنا زیادہ ہوں۔ جمع الفاظ کی پرچیاں جماعت کے مختلف بچوں میں تقسیم کر دیں۔
- میز پر ایک جانب واحد الفاظ پر مبنی کارڈوں کی ٹوکری رکھیں۔
- بچوں کو ہدایت دیں کہ وہ اپنے پاس موجود پرچی کا لفظ خاموشی سے پڑھے اور سامنے رکھی ٹوکری میں سے اس کے واحد لفظ کی پرچی نکال کر لائے۔
- اس سرگرمی کر مزید دل چسپ بنانے کے لیے واحد الفاظ کی ٹوکری میں کچھ ایسی پرچیاں بھی ہوں، جو غیر متعلقہ ہوں۔
- جب بچہ واحد الفاظ پر مبنی پرچی تلاش کرنے جائے تو اسٹاپ واچ شروع کر دی جائے اور متعلقہ پرچی تلاش کرنے تک کا وقت نوٹ کیا جائے۔
- سب سے کم وقت میں درست واحد الفاظ تلاش کرنے والے بچے کے لیے تالیاں بجوائیں۔

**اعادہ:** (3 منٹ) بچوں کو مختصراً جماعت میں کروائے گئے کام کا اعادہ کروا دیں۔

**جائزہ:** (5 منٹ) بورڈ پر چند جمع الفاظ لکھیں اور متفرق بچوں سے ان کے واحد لکھوائیں۔

**گھر کا کام:** (2 منٹ) جماعت میں کروائے گئے کام کی مشق کر کے آنی ہے اور ورک شیٹ مکمل کر کے لانی ہے۔

# ورک شیٹ

دیے گئے واحد الفاظ کے جمع اور جمع الفاظ کے واحد لکھیں۔

| | |
|---|---|
| پنسلیں | |
| کتاب | |
| بارش | |
| مسجدیں | |
| خبریں | |
| بھیڑ | |
| چادریں | |
| بہاریں | |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | | |
|---|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: | یونٹ:2 | جماعت: دوم | مضمون: اردو |
| ہفتہ:5 | | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:2 | | سبق کا نام: "امّی ابّو کو بتانا ہے" | |

**مقاصد:** کسی بھی موضوع پر جملے لکھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اردو جماعت دوم کی کتاب۔ صفحہ نمبر 33، پرچیاں، ڈبا

## تحریکی سرگرمی: (5 منٹ)



- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- سبق "امّی ابّو کو بتانا ہے" کے صفحہ نمبر 33 پر موجود سوال نمبر 8 کے اعادے کے لیے جماعت کا آغاز اس دل چسپ سرگرمی سے کریں۔
- سوال نمبر 8 میں موجود تمام جمع الفاظ مختلف رنگوں کی پرچیوں پر لکھ کر جماعت میں لائیں۔
- کتاب کے علاوہ مزید واحد اور جمع الفاظ بھی شامل کیے جا سکتے ہیں۔
- ان پرچیوں کو ایک ڈبے میں ڈال دیں۔
- بچوں کو اس کھیل کے متعلق ہدایات دیں کہ میں گنتی گننا شروع کروں گی، جب تک میں گنتی گنتی رہوں گی آپ لوگ اس ڈبے کو اگلے بچے کو دیتے رہیں گے۔
- جوں ہی میں گنتی روکوں گی ڈبا جس بچے کے ہاتھ میں ہو گا، وہ اُس میں سے ایک پرچی نکالے گا اور اُس پر لکھا ہوا جملہ با آوازِ بلند پڑھے گا۔
- یہ ڈبا پہلی لائن میں بیٹھے پہلے بچے کے ہاتھ میں دیں۔ گنتی گننا شروع کریں اور بچوں سے پرچیوں پر لکھے ہوئے واحد اور جمع الفاظ کی پڑھائی کروائیں۔
- اس سرگرمی سے سبق کا اعادہ بھی ہو جائے گا اور بچے کھیل کھیل میں پڑھائی کی طرف راغب بھی ہوں گے۔

## تدریسی طریقہ کار: (25 منٹ)

- سبق "امّی ابّو کو بتانا ہے" کے صفحہ نمبر 33 پر موجود سوال نمبر 9 کی سرگرمی مکمل کروانے کے لیے بورڈ پر سوال لکھیں۔

> احمد اپنے گھر کے دروازے پر کھڑا ہے۔ گلی میں موجود ایک اجنبی آدمی نے اِس سے کہا: بیٹا! آؤ میں تمھیں آئس کریم کھلاتا ہوں۔ پانچ جُملے اپنی کاپی میں لکھیں کہ احمد کو کیا کرنا چاہیے؟

- اس سرگرمی کو مکمل کروانے کے لیے چار چار بچوں کے گروہ بنا دیں۔
- بچوں کو ہدایت دیں کہ ہر گروہ آپس میں بات چیت کرے اور بتائے کہ احمد کو کیا کرنا چاہیے؟
- "اس سرگرمی کے لیے بچوں کو کچھ وقت دیں۔
- باری باری ہر گروہ کے پاس جائیں اور ان سے اس سوال کا جواب لیں۔
- اب دیے ہوئے موضوع پر بات چیت کے بعد موضوع کے بارے میں اظہارِ خیال کی باری ہے۔

- ہر گروہ سے ایک ایک بچے کو چُنیں۔
- تمام گروہوں کے بچوں کو سامنے بُلائیں اور انھیں موضوع سے متعلق اعتماد کے ساتھ بیان کرنے کی ہدایت دیں۔
- اس کے لیے ہر گروہ کو کچھ وقت دیا جائے۔
- اس دوران میں باقی بچوں کو ہدایت دیں کہ وہ غور سے بیان کردہ جوابات سُنیں نیز ہر بچے کی رائے کا احترام کریں۔
- سرگرمی کے اختتام پر اگر ممکن ہو تو تمام گروہ کے ممبران کو ایک ایک ٹافی بھی دی جائے۔
- اس کے بعد تصور کی مزید پختگی کے لیے بچوں کو ہدایات دیں کہ جب ہمیں کسی موضوع پر لکھنے کے لیے کہا جاتا ہے تو سب سے پہلے چند باتوں کا جاننا ضروری ہے، جیسے:
- موضوع سے متعلق ہمارے پاس معلومات ہونی چاہییں۔
- لکھنے کے لیے ذخیرہ الفاظ بھی ہونے چاہییں۔
- آغاز اور انجام لکھنے میں بھی مہارت ہونی چاہیے۔
- اس کے بعد جماعت کے تمام بچوں کو الگ الگ کر کے بٹھائیں۔
- بچوں کو ہدایت کریں کہ اپنے آپ کو احمد کی جگہ پر رکھ کر سوچیں اور لکھیں کہ ایسی صورت حال اگر آپ کو پیش آجائے تو آپ کیا کریں گے؟
- دی گئی صورت حال کے بارے میں سوچیں اور دیے گئے سوال کا جواب اپنے الفاظ میں لکھیں۔
- کام کی نگرانی کریں۔ جہاں بچے مشکل محسوس کریں ان کی مکمل راہ نمائی کریں۔

**اعادہ:** (3 منٹ) بچوں کو مختصراً جماعت میں کروائے گئے کام کا اعادہ کروا دیں۔

**جائزہ:** (5 منٹ) بورڈ پر متفرق بچوں سے دیے گئے موضوع پر جملے لکھوائیں۔

**گھر کا کام:** (2 منٹ) جماعت میں کروائے گئے کام کی مشق کر کے آنی ہے اور ورک شیٹ مکمل کر کے آنی ہے۔

# ورک شیٹ

چند جملوں میں لکھ کر بتائیں کہ یہ صورت حال اگر آپ کو پیش آجائے تو آپ کیا کریں گے ؟



# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: | یونٹ:2 جماعت: دوم | مضمون: اردو |
| ہفتہ:5 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:3 | سبق کا نام: "امّی ابّو کو بتانا ہے" | |

**مقاصد:** خطرات سے بچنے کے لیے تجاویز لکھ سکیں۔
کسی بھی موضوع پر تقریر کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اردو جماعت دوم کی کتاب۔ صفحہ نمبر 33 ،بٹنوں کا ڈبا

**تحریکی سرگرمی:** (5منٹ)



- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- ایک ڈبے میں مختلف رنگوں کے بٹن ڈال کر جماعت میں لے جائیں۔
- ایک رنگ کے پانچ بٹن ڈالیں۔
- ہر ایک بچے کے پاس ڈبا لے جائیں اور آنکھ بند کر کے ڈبے میں سے کوئی ایک بٹن اٹھانے کو کہیں۔
- بچوں کو ہدایت دیں کہ وہ بٹن کو اپنی مٹھی میں لے کے اپنی کمر کے پیچھے چھپالیں۔
- جب پوری جماعت میں بٹن تقسیم ہو جائیں تو بچوں کو ہدایت دیں۔
- سب بچے اپنے اپنے بٹن کا رنگ دیکھیں اور جن بچوں کے پاس ایک رنگ کے بٹن ہوں، ان کے گروہ بنادیں تاکہ اگلی سرگرمی شروع کروائی جاسکے۔

**تدریسی طریقہ کار:** (33منٹ)

- کتاب کے صفحہ نمبر 33 پر موجود سوال نمبر 10 کی سرگرمی مکمل کروانے کے لیے پہلے بورڈ پر سوال لکھیں اور بچوں سے سوال سے متعلق بات چیت کریں۔
- اب سوال نمبر 10 میں دیے ہوئے موضوع پر لکھوانے سے پہلے بچوں کو ذہنی طور پر تیار کریں۔
- پہلے بچوں کو بتائیں کہ کسی بھی موضوع پر پیراگراف یا چند سطریں لکھنے کے لیے ضروری ہے کہ آپ اس موضوع کے بارے میں بنیادی اور اہم باتیں جانتے ہوں۔
- آپ کے پاس ذخیرہ الفاظ موجود ہو۔ آپ جملوں میں ربط اور دل چسپی کا عنصر قائم رکھ سکتے ہوں۔
- آپ کا تحریر کردہ پیراگراف یا جملے بالکل موضوع کی مناسبت سے درست املا سے مزیّن ہوں۔
- اس کے بعد مختلف سوالات کی مدد سے بچوں کو بولنے پر آمادہ کریں اور ان تمام معلومات کو ان کے اذہان میں تازہ کریں جو انھیں لکھنے میں معاون ثابت ہوں گی۔
- اب بچوں سے دیے گئے موضوع کے متعلق مختلف سوالات کریں اور پھر بچوں کی دی گئی معلومات پر مبنی ایک ذہنی جال (Mind map) بورڈ پر بنائیں۔
- یہ تکنیک بچوں کو جملے لکھنے میں آسانی فراہم کرے گی۔
- اب پہلے سے بنائے گئے تمام گروہوں کے بچوں کو ایک ایک خالی شیٹ فراہم کریں تاکہ وہ دیے گئے موضوع سے متعلق تجاویز لکھ سکیں۔
- اب لکھنے کے لیے بچوں کو کچھ وقت دیں۔ اس دوران میں ہر گروہ کے پاس جائیں۔
- انھیں جہاں مدد اور راہ نمائی کی ضرورت ہو، فراہم کریں۔ وقت مکمل ہونے پر ہر گروہ کا ایک ایک نمائندہ جماعت میں سامنے آئے اور جملے پڑھ کر سنائے۔

- اب ہر گروہ کے لکھے ہوئے جملے چیک کریں اور درست کارکردگی کرنے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیں۔
- اگلی سرگرمی کے لیے کتاب کے صفحہ نمبر 33 پر موجود سوال نمبر 11 کی سرگرمی مکمل کروانے کے لیے بورڈ پر کتاب میں دیا گیا موضوع لکھیں۔
- بچوں کو موضوع سے متعلق ضروری معلومات دیں اور بچوں کی تقاریر تیار کروائیں۔
- جماعت میں ایک تقریری مقابلے کا انعقاد کریں اور بچوں کی تیار کی گئی تقاریر جماعت کے سامنے پیش کروائیں۔
- سب سے اچھی تقریر کرنے والے بچے کی حوصلہ افزائی کریں اور تالیاں بجوائیں۔

**اعادہ:**

**جائزہ:**

**گھر کا کام:** (2منٹ) اسباق "وقت کی پابندی، ہمارا سبز ہلالی پرچم، امّی ابّو کو بتانا ہے" کے متن کی پڑھائی، الفاظ معانی اور سوالات کے جوابات کی دہرائی کر کے آنی ہے ۔

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: | یونٹ:2 جماعت: دوم | مضمون: اردو |
| ہفتہ:5 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:4 | سبق کا نام: "وقت کی پابندی، ہمارا سبز ہلالی پرچم، امّی ابّو کو بتانا ہے" **دہرائی** | |

**مقاصد:** اسباق "وقت کی پابندی، ہمارا سبز ہلالی پرچم، امّی ابّو کو بتانا ہے" کے متن کی پڑھائی، الفاظ معانی اور سوالات کے جوابات کی دہرائی کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اردو جماعت دوم کی کتاب۔ گیند، پرچیاں

## تحریکی سرگرمی: (منٹ 10)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- جماعت کو چار گروہوں میں تقسیم کریں اور ہر گروہ سے وقت کی پابندی، ہمارا سبز ہلالی پرچم، امّی ابّو کو بتانا ہے" کے ایک ایک سبق کی باری باری پڑھائی کروائیں۔
- پڑھائی کرواتے ہوئے بچوں کی پڑھنے کی رفتار، تلفظ، لے اور آہنگ کی جانچ کریں۔
- درست پڑھائی کرنے والے کے لیے تالیاں بجوائیں۔

## تدریسی طریقہ کار: (منٹ 28)

- اس سرگرمی کے لیے بچوں کو دس منٹ دیں۔ جماعت کو تین گروہوں میں تقسیم کریں اور تینوں گروہوں کو تمام اسباق "وقت کی پابندی، ہمارا سبز ہلالی پرچم، امّی ابّو کو بتانا ہے" میں سے الفاظ پر مبنی پرچیاں دیں، جن کے معانی جاننا مقصود ہوں ہر گروہ میں دو دو پرچیاں تقسیم کر دیں۔
- بچوں کو ہدایت دیں کہ وہ مل کر دیے گئے الفاظ کے معانی پرچی کی پچھلی جانب لکھیں۔
- اس دوران میں بورڈ پر دو کالم بنالیں۔ کالم کے ایک جانب الفاظ لکھیں اور دوسری جانب ہر گروہ سے معانی پوچھیں اور بورڈ پر لکھیں۔
- اس کے بعد کانٹ چھانٹ شروع کر دیں۔
- درست معانی لکھے رہنے دیں اور غلط معانی مٹا دیں۔
- بچوں سے الفاظ معانی کی بلند آواز میں پڑھائی کروائیں۔
- بچوں سے کاپی پر الفاظ کے معانی لکھوائیں۔ کام مکمل ہونے پر چیک کریں۔
- اب اسباق "وقت کی پابندی، ہمارا سبز ہلالی پرچم، امّی ابّو کو بتانا ہے" میں موجود تمام سوالات کی جماعت کی تعداد کے مطابق پرچیاں بنالیں اور ساری جماعت میں تقسیم کر دیں۔
- اب جماعت کو دائرے کی صورت میں بٹھالیں خود درمیان میں بیٹھ جائیں اور ایک گیند لیں۔
- بچوں کو ہدایت دیں کہ وہ اس گیند کو آگے ایک بچے سے دوسرے بچے کو منتقل کرتے جائیں، اور خود گنتی گننا شروع کریں۔
- جس بچے پر لفظ دس آجائے اس بچے سے پرچی کے مطابق سوال کا جواب لیں۔
- اس کے بعد پھر سے گیند کو آگے ایک بچے سے دوسرے بچے کو منتقل کرنے کا سلسلہ شروع کریں۔
- اسی طرح سے تمام سوالات کے جواب حاصل کریں۔

| |
|---|
| **اعادہ:** |
| **جائزہ:** |
| **گھر کا کام:** (2منٹ) اسباق "وقت کی پابندی، ہمارا سبز ہلالی پرچم، امّی ابّو کو بتانا ہے" کے قواعد سیکھیں کے تصورات کی دہرائی کر کے آنی ہے۔ |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: | یونٹ:2 جماعت:دوم | مضمون:اردو |
| ہفتہ:5 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:5 | سبق کانام:"وقت کی پابندی، ہمارا سبز ہلالی پرچم، امّی ابّو کو بتانا ہے" **دہرائی** | |
| **مقاصد:** اسباق "وقت کی پابندی، ہمارا سبز ہلالی پرچم، امّی ابّو کو بتانا ہے" کے قواعد سیکھیں کے تصورات کی دہرائی | | |
| **تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اردو جماعت دوم کی کتاب۔ جار، پرچیاں، ٹوکری | | |

## تحریکی سرگرمی: (15منٹ)




- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- بچوں کو بتائیں کہ الفاظ کو حروف تہجی کی ترتیب سے لکھنا "الف بائی ترتیب" کہلاتا ہے۔
- اس کے بعد ایک جار لیں اس میں کچھ الفاظ لکھ کر رکھ لیں۔
- الفاظ لکھتے ہوئے اس بات کا دھیان رکھیں کہ پرچیوں کی تعداد بچوں کی تعداد سے پانچ گنا ہو۔
- جماعت کے چار گروہ بنالیں اور بچوں کے سامنے جار کریں بچوں کو ہدایت دیں کہ وہ اس جار میں سے کوئی سی پانچ پانچ
- پرچیاں اٹھالیں۔
- جب بچے پرچیاں نکال لیں تو بچوں کو ہدایت دیں کہ پرچیوں پر لکھے الفاظ کو الف بائی ترتیب سے اپنی اپنی کاپی پر لکھیں۔
- اس کام کے لیے بچوں کو مخصوص وقت دیں۔
- کام کی نگرانی خود کریں۔ جہاں بچے مشکل محسوس کریں ان کی مکمل راہ نمائی کریں۔ کام مکمل ہونے پر چیک کریں۔
- اس کے بعد بچوں سے تمام الفاظ بلند آواز میں پڑھنے کو کہیں اور استاد ساتھ ساتھ تمام الفاظ بورڈ پر لکھتا جائے۔
- مکمل الفاظ لکھنے کے بعد تمام الفاظ کو الف بائی ترتیب سے لکھیں اور بچوں کو بتائیں اس طرح مختلف الفاظ کو "الف بائی ترتیب" سے لکھا جاتا ہے۔



- اگلی سرگرمی کے لیے بچوں کو بتائیں الفاظ کے درمیان ربط اور تعلق قائم کرنے والے حروف کو حروف جار کہتے ہیں۔
- اب بچوں کے چار گروہ بنا کر انھیں پلاسٹک کے بند انڈے دے دیں، جن کے اندر حروف "میں، سے، نے، تک، کو اور پر" کے حروف ہوں جو کاغذ کی پرچیوں پر لکھے ہوئے ہوں۔
- ساتھ انھیں ایک ایک شیٹ دیں جن پر حروف جار لکھنے کے لیے پانچ پانچ نامکمل جملے لکھے ہوں۔
- ہر گروہ کے حصے میں ایک شیٹ اور حروف جار کے حروف پر مشتمل انڈے آئیں گے۔
- بچوں سے کہیں کہ وہ بند انڈے کو کھولیں، اس میں سے حروف کی پرچیاں نکال کر پڑھیں اور شیٹ پر موجود جملوں میں درست حروف جار لکھ کر جملے مکمل کریں۔ اس کے لیے انھیں مخصوص وقت دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد تمام گروہوں کی جملوں پر مشتمل شیٹس چیک کریں اور درست کام کرنے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیں۔
- ایک مرتبہ بچوں کو فراہم کردہ شیٹس کے نامکمل جملے بورڈ پر لکھیں جن کو حروف جار کی مدد سے مکمل کرنا ہے۔
- اس کے بعد ایسے بچوں کو شیٹ سمیت بلائیں جن کے جملے غلط تھے یا جو ایسی سرگرمیوں میں حصہ لینے میں جھجک محسوس کرتے ہوں۔

- ان سے کہیں کہ ان کے پاس کون سے جملوں پر مشتمل شیٹ آئی ہے؟
- جملوں کو بورڈ پر لکھے جملوں میں سے پہچانیں اور درست حروف جار لکھ کر جملے مکمل کریں۔ جملے مکمل کرنے میں بچوں کی بھرپور مدد کریں۔
- اسی طرح یہ سرگرمی باقی بچوں سے بھی کروائیں۔

## تدریسی طریقہ کار: (23 منٹ)

- اس پیریڈ میں ختمہ اور سوالیہ کا استعمال شامل ہے۔
- سب سے پہلے علامتِ ختمہ، سکتہ اور سوالیہ کے فلیش کارڈ بورڈ پر چپکا دیں۔
- اب بچوں سے درسی کتاب کا صفحہ نمبر 13 کھولنے کو کہیں۔
- بچوں سے پوچھیں کہ بورڈ پر چسپاں علامات میں سے کون سی علامت کتاب والی علامت ہے؟
- جوابات حاصل کرنے کے بعد بچوں کو بتائیں کہ کسی بھی جملے کے آخر میں "۔" علامت لگتی ہے۔
- اس علامت کا مقصد عبارت میں ایک جملے کو دوسرے جملے سے الگ کرنا ہے۔
- اب علامتِ ختمہ پر مشتمل کچھ جملے بورڈ پر لکھیں، جیسے:
- احمد کل اسکول آیا تھا۔
- مچھلی پانی میں تیرتی ہے۔
- مجھے میٹھے آم اور انگور پسند ہیں۔
- جملے لکھنے کے بعد ختمہ (۔) کا علامتی فلیش کارڈز بورڈ پر ہی لگا رہنے دیں اور دوسری علامت کا فلیش کارڈ بورڈ سے اُتار لیں۔
- بچوں سے پوچھیں کیا اوپر لکھے گئے جملوں میں انھیں یہ علامت کہیں دکھائی دے رہی ہے؟
- اگر وہ "ہاں" میں جواب دیں تو علامت کی نشان دہی کے لیے بورڈ کے پاس بلوائیں اور علامت کے گرد دائرہ لگوائیں۔
- اس سرگرمی کو مکمل کروانے کے لیے علامتِ ختمہ کی نشان دہی کروائیں۔
- اب علامتِ سوالیہ پر مشتمل کچھ جملے بورڈ پر لکھیں، جیسے:
- کیا احمد کل اسکول آیا تھا؟
- کیا مچھلی پانی میں تیرتی ہے؟
- کیا آپ کو آم اور انگور پسند ہیں؟
- بچوں کو بتائیں کہ اوپر پوچھے گئے سوالوں میں کوئی نہ کوئی بات یا سوال پوچھا گیا ہے اور ان جملوں کے آخر میں ""؟"" علامت استعمال کی گئی ہے اس لیے یہ جملے سوالیہ جملے ہیں اور جو علامت ان جملوں کے آخر میں لگی ہے اسے سوالیہ علامت کہتے ہیں۔
- کتاب کے صفحہ نمبر 27 پر موجود جملوں کی پرچیاں پہلے سے تیار کر لیں۔
- بچوں کو دو گروہ میں تقسیم کریں اور ایک گروہ کو جملوں پر مبنی بند پرچیاں تقسیم کریں۔
- جماعت میں بچوں کی تعداد کے تناسب سے جملے زیادہ بھی کیے جا سکتے ہیں۔
- پرچیوں پر جملے سادہ اور کچھ سوالیہ لکھیں لیکن علامات نہ لگائیں۔
- پھر دوسرے گروہ کو ایسی چٹیں دیں جن پر ختمہ اور سوالیہ کی علامت ہو۔
- اب جن کے پاس جملوں کی پرچیاں ہیں، وہ ایک ایک کر کے سامنے آئیں اور چٹ پر لکھا ہوا جملہ پڑھیں۔

- اب جن کے پاس علامات والی پرچیاں ہیں وہ جملہ سُن کر فیصلہ کریں کہ اس جملے کے ساتھ ختمہ لگے گا یا سوالیہ۔
- جس بچے کے پاس متعلقہ علامت ہو گی وہ بچہ سامنے جا کر اس بچے کے پاس کھڑا ہو جائے جس نے جملہ پڑھا۔
- آنے والا بچہ اپنی پرچی والی علامت دکھائے۔ پھر باقی ہم جماعتی بتائیں کہ یہ درست ہے یا نہیں۔ یہ عمل تیزی سے کیا جائے۔
- علامات والی پرچیاں دوسرے بچوں کو دی جاتی رہیں تاکہ زیادہ سے زیادہ بچوں کو عملی طور پر سرگرمی میں حصہ لینے کا موقع مل سکے۔
- اس کے بعد کتاب کے صفحہ نمبر 33 پر موجود سوال نمبر 8 کی سرگرمی کو مکمل کروانے کے لیے بورڈ پر جمع الفاظ لکھیں۔
- بچوں کو پھر سے "یں" کا فلیش کارڈ دکھائیں۔
- بچوں سے کہیں کہ ہم نے پہلے واحد الفاظ کے آخر میں "یں" لفظ لگا کر ان الفاظ کی جمع بنائی تھی۔
- اب ہم بورڈ پر لکھے ان الفاظ کے آخر سے "یں" ہٹا کر ان الفاظ کے واحد بنا کر لکھیں گے۔
- بورڈ پر کتاب میں لکھے جمع الفاظ لکھیں اور ان کے آخر سے "یں" ہٹا کر مکمل واحد الفاظ لکھیں۔
- بچوں سے ان واحد الفاظ کی پڑھائی کروائیں۔
- تصور کی مزید پختگی کے لیے بعد بچوں کو دو گروہوں میں تقسیم کریں۔
- جماعت میں آنے سے پہلے واحد الفاظ پرچیوں پر لکھ کر ٹوکری میں ڈال لیں پرچیاں بناتے ہوئے اس بات کا دھیان رکھیں کہ پرچیاں جماعت کے بچوں کی تعداد سے تین گنا زیادہ ہوں۔ جمع الفاظ کی پرچیاں جماعت کے مختلف بچوں میں تقسیم کر دیں۔
- میز پر ایک جانب واحد الفاظ پر مبنی کارڈوں کی ٹوکری رکھیں۔
- بچوں کو ہدایت دیں کہ وہ اپنے پاس موجود پرچی کا لفظ خاموشی سے پڑھے اور سامنے رکھی ٹوکری میں سے اس کے واحد لفظ کی پرچی نکال کر لائے۔
- اس سرگرمی کر مزید دلچسپ بنانے کے لیے واحد الفاظ کی ٹوکری میں کچھ ایسی پرچیاں بھی ہوں، جو غیر متعلقہ ہوں۔
- جب بچہ واحد الفاظ پر مبنی پرچی تلاش کرنے جائے تو اسٹاپ واچ شروع کر دی جائے اور متعلقہ پرچی تلاش کرنے تک کا وقت نوٹ کیا جائے۔
- سب سے کم وقت میں درست واحد الفاظ تلاش کرنے والے بچے کے لیے تالیاں بجوائیں۔

**اعادہ:**

**جائزہ:**

**گھر کا کام:** (2 منٹ) اسباق "وقت کی پابندی، ہمارا سبز ہلالی پرچم، امّی ابّو کو بتانا ہے" " لکھیں" کی سرگرمیوں کی دہرائی کر کے آنی ہے۔

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: | یونٹ:2 جماعت: دوم | مضمون: اردو |
| ہفتہ:5 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:6 | سبق کا نام: "وقت کی پابندی، ہمارا سبز ہلالی پرچم، امّی ابّو کو بتانا ہے" **دہرائی** | |

**مقاصد:** اسباق "وقت کی پابندی، ہمارا سبز ہلالی پرچم، امّی ابّو کو بتانا ہے" "لکھیں" کی سرگرمیوں کی دہرائی

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اردو جماعت دوم کی کتاب۔

## تحریکی سرگرمی: (15 منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- تصاویر پر جملے لکھوانے کے لیے بچوں کو ذہنی طور پر تیار کریں۔
- مختلف سوالات کی مدد سے بچوں کو بولنے پر آمادہ کریں اور ان تمام معلومات کو ان کے اذہان میں تازہ کریں جو انھیں لکھنے میں معاون ثابت ہوں گی۔
- اب بچوں سے کتاب کے صفحہ نمبر 20 پر موجود سوال نمبر 9 میں دیے گئے موضوع کے متعلق مختلف سوالات کریں اور پھر بچوں کی دی گئی معلومات پر مبنی ایک ذہنی جال (Mind map) بورڈ پر بنائیں۔
- یہ تکنیک بچوں کو جملے لکھنے میں آسانی فراہم کرے گی۔
- اب ہر بچے کو ایک ایک خالی شیٹ فراہم کریں اور جماعت میں بنائے گئے تمام گروہوں کو ہدایت دیں کہ وہ سوال نمبر 9 میں دی گئی تصاویر پر آپس میں بات چیت کر کے چند جملوں میں لکھ کر بتائیں کہ آپ ان تصاویر میں موجود کام کس وقت کرتے ہیں؟
- اس کے ساتھ ہی بچوں کو کہیں کہ تصاویر پر جملے لکھنے سے پہلے شیٹ پر اپنا نام اور اپنے گھر کا پتا بھی لکھیں۔
- لکھنے کے لیے بچوں کو کچھ وقت دیں۔ اس دوران میں ہر گروہ کے پاس جائیں۔ جہاں مدد اور راہ نمائی کی ضرورت ہو ان کی راہ نمائی کریں۔
- وقت مکمل ہونے پر ہر گروہ کا ایک ایک نمائندہ جماعت میں سامنے آئے اور جملے پڑھ کر سنائے۔
- اب ہر گروہ کے لکھے ہوئے جملے چیک کریں اور درست کارکردگی کرنے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیں۔

## تدریسی طریقہ کار: (25 منٹ)

- کتاب کے صفحہ نمبر 27 پر موجود سوال نمبر 11 کی سرگرمی مکمل کروانے کے لیے بورڈ پر چند سوالات لکھیں جیسے:
- آپ یوم آزادی پر اپنے گھروں کو سجاتے ہیں؟
- کیا آپ یوم آزادی پر نئے کپڑے بناتے ہیں؟
- کیا آپ اپنے گھر کے علاوہ اپنی گلی اور محلوں کو سجاتے ہیں؟
- ان سولات کے تمام بچوں سے فرداً فرداً جواب حاصل کریں۔
- بورڈ پر موضوع لکھیں "آپ یوم آزادی کس طرح مناتے ہیں؟"
- اس کے بعد جماعت کے بچوں کو الگ الگ بٹھا کر ان کو ہدایت دیں کہ وہ بورڈ پر لکھے گئے موضوع پر اپنی اپنی کاپی میں پانچ پانچ جملے لکھیں۔

- اس کام کے لیے ان کو دس منٹ کا وقت دیں ساتھ ساتھ خود بھی چیک کرتے رہیں کہ بچے درست کام کر رہے ہیں یا نہیں۔
- مناسب وقت میں بچوں کے کام میں میں شریک ہو جائیں تا کہ آپ کے مشورے سے بچے جملے لکھ سکیں۔
- اس مقابلے کو ایک مناسب اختتام دے کر بچوں کو اس مقابلے کا حاصل بھی بتادیں کہ کیسے جملے لکھے جاسکتے ہیں؟
- سبق "امّی ابوّ کو بتانا ہے" کے صفحہ نمبر 33 پر موجود سوال نمبر 9 کی سرگرمی مکمل کروانے کے لیے بورڈ پر سوال لکھیں۔

**احمد اپنے گھر کے دروازے پر کھڑا ہے۔ گلی میں موجود ایک اجنبی آدمی نے اِس سے کہا: بیٹا! آؤ میں تُمھیں آئس کریم کھلاتا ہوں۔ پانچ جُملے اپنی کاپی میں لکھیں کہ احمد کو کیا کرنا چاہیے؟**

- اس سرگرمی کو مکمل کروانے کے لیے چار چار بچوں کے گروہ بنادیں۔
- بچوں کو ہدایت دیں کہ ہر گروہ آپس میں بات چیت کرے اور بتائے کہ احمد کو کیا کرنا چاہیے؟
- "اس سرگرمی کے لیے بچوں کو کچھ وقت دیں۔
- باری باری ہر گروہ کے پاس جائیں اور ان سے اس سوال کا جواب لیں۔
- اب دیے ہوئے موضوع پر بات چیت کے بعد موضوع کے بارے میں اظہارِ خیال کی باری ہے۔
- ہر گروہ سے ایک ایک بچے کو چُنیں۔
- تمام گروہوں کے بچوں کو سامنے بُلائیں اور انھیں موضوع سے متعلق اعتماد کے ساتھ بیان کرنے کی ہدایت دیں۔
- اس کے لیے ہر گروہ کو کچھ وقت دیا جائے۔
- اس دوران میں باقی بچوں کو ہدایت دیں کہ وہ غور سے بیان کردہ جوابات سُنیں نیز ہر بچے کی رائے کا احترام کریں۔
- سرگرمی کے اختتام پر اگر ممکن ہو تو تمام گروہ کے ممبران کو ایک ایک ٹافی بھی دی جائے۔
- اس کے بعد تصور کی مزید پختگی کے لیے بچوں کو ہدایات دیں کہ جب ہمیں کسی موضوع پر لکھنے کے لیے کہا جاتا ہے تو سب سے پہلے چند باتوں کا جاننا ضروری ہے ، جیسے: موضوع سے متعلق ہمارے پاس معلومات ہونی چاہییں۔
- لکھنے کے لیے ذخیرہ الفاظ بھی ہونے چاہییں۔
- آغاز اور انجام لکھنے میں بھی مہارت ہونی چاہیے۔
- اس کے بعد جماعت کے تمام بچوں کو الگ الگ کر کے بٹھائیں۔
- بچوں کو ہدایت کریں کہ اپنے آپ کو احمد کی جگہ پر رکھ کر سوچیں اور لکھیں کہ ایسی صورت حال اگر آپ کو پیش آجائے تو آپ کیا کریں گے؟
- دی گئی صورت حال کے بارے میں سوچیں اور دیے گئے سوال کا جواب اپنے الفاظ میں لکھیں۔
- کام کی نگرانی کریں۔ جہاں بچے مشکل محسوس کریں ان کی مکمل راہ نمائی کریں۔
- کتاب کے صفحہ نمبر 33 پر موجود سوال نمبر 10 کی سرگرمی مکمل کروانے کے لیے پہلے بورڈ پر سوال لکھیں اور بچوں سے سوال سے متعلق بات چیت کریں۔
- اب سوال نمبر 10 میں دیے ہوئے موضوع پر لکھوانے سے پہلے بچوں کو ذہنی طور پر تیار کریں۔

- پہلے بچوں کو بتائیں کہ کسی بھی موضوع پر پیراگراف یا چند سطریں لکھنے کے لیے ضروری ہے کہ آپ اس موضوع کے بارے میں بنیادی اور اہم باتیں جانتے ہوں۔
- آپ کے پاس ذخیرہ الفاظ موجود ہو۔
- آپ جملوں میں ربط اور دل چسپی کا عنصر قائم رکھ سکتے ہوں۔
- آپ کا تحریر کردہ پیراگراف یا جملے بالکل موضوع کی مناسبت سے درست املا سے مزیّن ہوں۔
- اس کے بعد مختلف سوالات کی مدد سے بچوں کو بولنے پر آمادہ کریں اور ان تمام معلومات کو ان کے اذہان میں تازہ کریں جو انھیں لکھنے میں معاون ثابت ہوں گی۔
- اب بچوں سے دیے گئے موضوع کے متعلق مختلف سوالات کریں اور پھر بچوں کی دی گئی معلومات پر مبنی ایک ذہنی جال (Mind map) بورڈ پر بنائیں۔
- یہ تکنیک بچوں کو جملے لکھنے میں آسانی فراہم کرے گی۔
- اب پہلے سے بنائے گئے تمام گروہوں کے بچوں کو ایک ایک خالی شیٹ فراہم کریں تاکہ وہ دیے گئے موضوع سے متعلق تجاویز لکھ سکیں۔
- اب لکھنے کے لیے بچوں کو کچھ وقت دیں۔ اس دوران میں ہر گروہ کے پاس جائیں۔
- انھیں جہاں مدد اور راہ نمائی کی ضرورت ہو، فراہم کریں۔ وقت مکمل ہونے پر ہر گروہ کا ایک ایک نمائندہ جماعت میں سامنے آئے اور جملے پڑھ کر سنائے۔
- اب ہر گروہ کے لکھے ہوئے جملے چیک کریں اور درست کارکردگی کرنے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیں۔

**اعادہ:**

**جائزہ:**

**گھر کا کام:**